**دجال اکبر** تو فرماتے ہیں کہ :-

"ہماری نبی صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ پانچویں ہزار میں مبعوث ہوئے ایسا ہی مسیح موعود کی بروزی صورت اختیار کر کے چھٹے ہزار کے آخر میں مبعوث ہوئے" (خطبہ الہامیہ صفحہ ۱۸۱)

اس مسیح موعود سے مراد خود اپنی ذات نکوہیدہ صفات ہے پس اس عبارت میں جو حساب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مراد ہے وہی حساب دجال اکبر نے اپنے لئے رکھا ہے یعنی قمری پھر کس منہ سے کہتے ہیں کہ جہاں الف ششم میں مامور ہونا لکھا ہے وہاں شمسی مراد ہے - کیا اس کہنے سے تم مواخذات ثنائیہ کی قوت کا اقرار نہیں کرتے بیشک -

## مرزائی انعام

مرزائی مجیب نے ہماری لئے مبلغ عه روپیہ کا انعام تجویز کر کے لکھا ہے کہ:-

"اگر اڈیٹر مرقع زمانہ بعثت اور زمانہ تبلیغ کی اس تفریق کو جو اس نے مرقع صفحہ پر درج کی ہے کہ زمانہ بعثت وہ ہوتا ہے جسمیں کوئی نبی مامور ہو کر خلق خدا کی طرف آوے اور زمانہ تبلیغ وہ ہوتا ہے جسمیں نبی خدا کے احکام بندوں کو سنائے" کسی شرعی کتاب سے مدلل طور پر ثابت کر دی تو اسکو دس روپے انعام دفتر تشحیذ الاذہان کیطرف سے دیا جاویگا۔

**جواب** :- آپ جو شرع کی کتابوں سے ثبوت مانگتے ہیں تو پہلے آپ شرع کی کتابوں کی فہرست بتلادیں تاکہ ہم اُس فہرست میں سے دکھاویں - یہ بھی لکھئے گا کہ شرعی کتابوں کے سمجھنے کے لئے علوم آلیہ کی جو ضرورت ہے اُن علوم کی کون کون کتاب آپکو مسلم ہے -

## مُرقّع کا آئندہ سال

گذشتہ پرچہ میں لکھا گیا تہا کہ مرقع آئندہ سال موجودہ ضخامت سے ڈیوڑھا کیا ج[ائیگا اور] قیمت میں صرف ۸؍ اضافہ ہوگا - پس شائقین مُرقّع مطلع رہیں کہ آئندہ ماہ یعنی جون ک[ا پرچہ] نام پر مع فیس منی آڈر عصہ پر ویلو کیا جاویگا - خدانخواستہ کسی صاحب کو آئندہ سال کی خ[ریداری] نامنظور ہو یا کسی وجہ سے ویلو ملتوی کرانا چاہتے ہوں - تو مہربانی سے اطلاع دیں تاکہ دفتر کو بے فائدہ نقص[ان] برداشت کرنا نہ پڑے +

مینیجر